دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کی تیراندازی کی ٹیم چھیالیسویں دہلی اسٹیٹ تیراندازی چمپئن شپ دو ہزار پچیس چھبیس میں ’اسٹیٹ چمپئن‘ بنی

New Delhi, February 4, 2026

جامعہ ملیہ اسلامیہ کو اپنی تیراندازی کی ٹیم (مرد و خواتین) کی حصولیابی پر فخر ہے جس نے چھیالیسویں دہلی اسٹیٹ تیر اندازی چمپئن شپ دو ہزار پچیس چھبیس میں فتح حاصل کی اور اسے ’اسٹیٹ چمپئن‘ قرار دیا گیا۔کھلاڑیوں نے غیر معمولی صلاحیت کا مظاہرہ کیا اور ٹیم کو لگاتار دوسری مرتبہ یہ کامیابی دلائی۔واضح رہے کہ اس چمپئن شپ کو دہلی تیر اندازی ایسوسی ایشن نے قومی راجدھانی دہلی کے یمنا اسپورٹس کمپلیکس میں تیس جنوری تا یکم فروری دو ہزار چھبیس منعقد کیا تھا۔

ٹورنامنٹ میں جامعہ کی تیراندازی ٹیم (مرد و خواتین نے سینئر زمرے میں کل اٹھارہ تمغے حاصل کیے جن کی تفصیل یہ ہے:

جاگریتی بنسل، بی۔اے (آنرس) سوشل ورک سال اول کی طالبہ نے چار طلائی تمغے، تین چاندی اور ایک کانسے کا تمغہ جیتا۔

بی۔اے (آنرس) ماس میڈیا ہندی کے سال اول کے طالب ابھیشیک کمار نے چار سونے کے تمغے اور ایک چاندی کا تمغہ جیتا۔

بی۔اے (آنرس) سوشل ورک، شعبہ سوشل ورک کے سال دوم کے طالب علم زبیر خان نے دو سونے کے تمغے، چار چاندی اور دو کانسے کے تمغے جیتے۔

۔بی۔اے (آنرس) سوشل ورک، شعبہ سوشل ورک میں فرسٹ سمسٹر کے طالب علم امن گپتا نے ایک طلائی تمغہ جیتا۔

عزت مآب شیخ الجامعہ، پروفیسر مظہر آصف نے اپنے دفتر میں فاتح کے اراکین کی عزت افزائی کی۔انہوں نے کھلاڑیوں کو چمپئن شپ جیتنے پر مبارک باد دی اور اس غیر معمولی حصولیابی میں ان کے شان دار مظاہرے کی تعریف کی۔

پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جامعہ کی تیراندازی ٹیم کی لگاتار دوسری مرتبہ یہ اعزاز حاصل کرنے کے لیے ان کی تعریف کی اور آئندہ مقابلوں کے لیے نیک خواہشات کے اظہار کے ساتھ ان کی ہمت افزائی کی۔

پروفیسر محفوظ الحق (چیئرمین، گیمز اینڈ اسپورٹس کمیٹی، جامعہ ملیہ اسلامیہ) نے بھی تیراندازی کی ٹیم کو ان کی اہم کامیابی پر مبارکباد دی اور ان کی پرخلوص مساعی کی تعریف و توصیف کی۔

پروفیسر نفیس احمد، اعزازی ڈائریکٹر، گیمز اینڈ اسپورٹس، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ٹرافی جیتنے اور یونیورسٹی کے وقار کو بڑھانے کے لیے کھلاڑیوں کی ستائش کی۔انہوں نے شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ کے تعاون کے لیے ان کا صمیم

قلب سے شکریہ ادا کیا۔

اس کے علاوہ، پروفیسر محمد عابد، اعزازی ڈپٹی ڈائریکٹر، گیمز اینڈ اسپورٹس، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ڈاکٹر اروینش کمار سنگھ ، یونیورسٹی میں تیراندازی کلب کے صدر کے ساتھ طلبہ کو مبارک باد دی اور آئندہ منعقد ہونے والے مقابلوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ انہوں نے یونیورسٹی کے اسپورٹس کمپلیکس میں تیر اندازی کا میدان بنانے کے لیے پروفیسر نفیس احمد، اعزازی ڈائریکٹر، گیمز اینڈ اسپورٹس کے تئیں جذبہ امتنان کا اظہار کیا۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ